# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date : 20 July 2024

Time : 09.00 to 09.10 AM

## آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر

## علاقائی خبریں

تاریخ : ۲۰/جولائی ۲۰۲۴ء

وقت : صبح ۹.۰۰ سے ۹.۱۰ بجے

سب سے پہلے خاص خبروں کی سرخیاں ...

☆ شیواجی مہاراج کے اوصاف میں مستقبل کی تشکیل کی طاقت ہے ' مہاراج کے شیر ناخن ہتھیار کی نقاب کشائی کے موقع پر وزیراعلیٰ کا بیان

☆ آئندہ اسمبلی انتخابات میں مہا وِکاس آگھاڑی اور مہایوتی اپنی جگہ قائم رہیں گے

☆ UPSC کے متنازعہ زیرتربیت IAS افسر پوجا کھیڈکر کے خلاف مقدمہ درج

☆ مراٹھا ریزرویشن تحریک کے لیڈر منوج جرانگے پاٹل آج سے دوبارہ بھوک ہڑتال پر

اور

☆ T-20 رخواتین کرکٹ ایشیاء کپ میں پاکستان کے خلاف بھارت کا فاتحانہ آغاز

اب خبریں تفصیل سے...

وزیراعلیٰ ایکناتھ شندے نے کہا ہے کہ شیواجی مہاراج کے اوصاف میں مستقبل کو تشکیل دینے کی طاقت ہے۔ وزیراعلیٰ کے ہاتھوں کل ستارہ کے چھترپتی شیواجی میوزیم میں لندن سے لائے گئے شیواجی مہاراج سے منسلک شیر کے ناخن جیسے ہتھیار کی نقاب کشائی عمل میں آئی۔ شیواجی مہاراج کے اِس ہتھیار کے معائنے کے بعد وزیراعلیٰ نے یہ بات کہی۔ وزیراعلیٰ نے اپنے جذبات کا اظہار کیا کہ اِس ناخن ہتھیار کا دیدار ایک طرح سے شیو درشن ہے۔ اِس ناخن ہتھیار کو چھترپتی شیواجی میوزیم میں اگلے 7 رمہینوں تک دیکھا جا سکے گا۔

اِسی دوران شیواجی مہاراج کے دیگر ہتھیاروں کی نمائش کا بھی وزیر اعلیٰ نے کل افتتاح کیا۔ اِس موقعے پر پرتاپ گڑھ اتھارٹی کے قیام کا بھی اعلان کیا گیا۔ رکن پارلیمان اُدین راجے بھونسلے اِس اِدارے کے سربراہ ہوں گے۔ وزیر اعلیٰ نے بتایا کہ اِس اِدارے کے لیے ڈیڑھ سو کروڑ روپئے مختص کیے گئے ہیں۔ اِس موقعے پر نائب وزیر اعلیٰ دیویندر پھڑنویس اور اجیت پوار ' ثقافتی امور کے وزیر سُدھیر منگنٹی وار ' رکن پارلیمان اُدین راجے بھونسلے ' رکن اسمبلی شیویندر سنگھ راجے بھونسلے اور ستارا کے رابطہ وزیر شمبھوراج دیسائی موجود تھے۔

***** ***** *****

کُل ہند کانگریس پارٹی کے جنرل سیکریٹری کے سی وینو گوپال نے کہا ہے کہ پارٹی میں بدنظمی کو برداشت نہیں کیا جائے گا۔ موصوف کل ممبئی میں کانگریس پارٹی کی میٹنگ سے خطاب کرر ہے تھے۔ انھوں نے بتایا کہ پارٹی نے اُن اراکین کے خلاف کارروائی کی ہے۔ جنھوں نے پارٹی وہیپ کی خلاف ورزی کی اور کاؤنسل کے چُناؤ میں دوسرے امیدواروں کو ووٹ دیا۔ انھوں نے بتایا کہ مہاوِکاس آگھاڑی آئندہ انتخابات ایک ساتھ لڑے گی۔ اِس اتحاد میں شامل 3/ بڑی پارٹیاں ایک ساتھ بیٹھ کر سیٹوں کی تقسیم پر تبادلہ خیال کرے گی۔ کانگریس کے ریاستی صدر نانا پٹولے نے کہا کہ نشستوں کی تقسیم پر ابھی مذاکرات شروع نہیں ہوئے ہیں۔ اتحادی جماعتوں کی آئندہ میٹنگ میں اِس پر بات چیت ہوگی۔

***** ***** *****

مائیکروسافٹ کلاؤڈ خدمات میں آنے والی خرابی کا پتہ چل گیا ہے۔ اطلاعات اور ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر اشوِنی ویشنو نے سماجی رابطے کی سائٹ پر یہ اطلاع دی۔ مائیکروسافٹ کمپنی کی جانب سے بتایا گیا ہے کہ اِس تکنیکی خرابی کو دور کرلیا گیا ہے۔ اور کلاؤڈ خدمات جلد بحال ہوجائے گی۔

اِسی بیچ کلاؤڈ خدمات میں خرابی کے باعث ملک کی ہوائی حمل ونقل پر اثر پڑا ہے۔ شہری ہوابازی کے مملکتی وزیر مرلی دھر موہول نے یہ اطلاع دی۔ اِس سے متعلق موصولہ خبروں میں بتایا گیا ہے کہ ممبئی طیران گاہ پر طیاروں کو کم وبیش 51/ منٹ کی دیر ہو رہی ہے۔

***** ***** *****

مہاراشٹر کی صنعتی ترقیاتی کارپوریشن ایم آئی ڈی سی کے ذریعے ایس ٹی کارپوریشن کے 193/ بس اسٹیشنوں کے لیے 600/ کروڑ روپیوں کے فنڈ فراہم کیے گئے ہیں۔ صنعت کے ریاستی وزیر اُدئے سامنت نے کل پالی میں نئے تعمیر شدہ ایس ٹی بس اسٹینڈ کی افتتاحی تقریب میں یہ اطلاع دی۔ اِس موقع پر انھوں نے سب سے بس اسٹینڈ اور وہاں کی بیت الخلاؤں کو صاف رکھنے کی ذمہ داری نبھانے کی اپیل کی۔

***** ***** *****

بی جے پی کے ریاستی صدر چندر شیکھر باون کُڑے نے کہا ہے کہ مہایوتی آئندہ اسمبلی انتخابات متحدہ طور پر لڑے گی۔موصوف کل ممبئی کے بی جے پی دفتر میں منعقدہ اخباری کانفرنس میں بول رہے تھے۔انھوں نے بتایا کہ آئندہ اسمبلی انتخابات کے پیشِ نظر پارٹی کم و بیش 97/ہزار بوتھس ' شکتی کیندر اور منڈل سطح پر تنظیم کو مضبوط کرنے کو فوقیت دے گی۔

***** ***** *****

مرکزی خدمات عامہ کمیشن یو پی ایس سی نے 2022ء بیچ کی زیرِ تربیت آئی اے ایس افسر پوجا منورما دلیپ کھیڈکر کے خلاف جرم داخل کیا ہے۔کمیشن کی جانب سے کی گئی مکمل جانچ میں پتہ چلا ہے کہ موصوفہ نے کئی مرتبہ اپنے نام' دستخط ' ای میل ' ایڈریس اور موبائل نمبر میں تبدیلی کر کے کمیشن کو دھوکہ دیا ہے۔کمیشن نے اِس برتاؤ کے لیے کھیڈکر کو وجہ بتاؤ نوٹس جاری کی ہے۔

***** ***** *****

وزیرِ اعظم نریندر مودی کے پروگرام '' من کی بات ''کے تیسرے مرحلے کی دوسری قسط آئندہ 28/جولائی کو آکاشوانی اور دوردرشن کے سبھی چینلوں پر نشر کی جائے گی۔وزیر اعظم نے کل سماجی رابطے کی سائٹ پر جاری پوسٹ میں بتایا کہ اِس پروگرام کو عوام کی جانب سے ملنے والی پذیرائی خوش آئند ہے۔

***** ***** ***** ***** ***** *****

## یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر سے نشر کی جا رہی ہیں

***** ***** ***** ***** ***** *****

مراٹھا ریزرویشن تحریک کے روحِ رواں منوج جرانگے پاٹل نے آج سے دوبارہ بھوک ہڑتال کرنے کا انتباہ دیا ہے۔انھوں نے کہا کہ اِس سے قبل کی بھوک ہڑتال کے دوران حکومتی وفد کی جانب سے کیا گیا کوئی بھی وعدہ پورا نہیں کیا گیا۔اِس لیے انھوں نے دوبارہ بھوک ہڑتال کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔

***** ***** *****

محکمۂ جنگلات کی 16/ٹیمیں پچھلے کچھ دنوں سے چھترپتی سنبھاجی نگر میں گھومنے والے چیتے کو پکڑنے کے لیے کوشاں ہیں۔محکمۂ جنگلات کے علاقائی افسر سوریہ کانت منکاور نے یہ اطلاع دی۔ وہ کل آکاشوانی کے نمائندہ سے بات کررہے تھے۔انھوں نے کہا کہ شہریان کو گھبرانے کی ضرورت نہیں ہے۔ چیتے کو جلد ہی پکڑ لیا جائے گا۔انھوں نے عوام کو رات کے وقت باہر نکلنے سے گریز کرنے کی صلاح دی ہے۔

***** ***** *****

احمد نگر ضلعے کے سنگم نیر میں 2/حاملہ خواتین زِکا وائرس سے متاثر ہوگئی ہیں۔اِس بیچ سنگم نیر شہر میں احتیاطی اقدامات اور سروے جاری ہے۔احمد نگر ضلع پریشد کے ضلع صحت افسر ڈاکٹر باپو صاحب ناگر گوجے کی جانب سے دی گئی اطلاع کے مطابق زِکا سے متاثر مریضوں کا مناسب معائنہ اور علاج کیا جارہا ہے۔

***** ***** *****

پربھنی ضلعے میں پتہ چلا ہے کہ دیہی ترقی کے محکمے کی جانب سے منظور کیے گئے 8/ہزار 426/گھرکُل اسکیم کے استفادہ کنندگان نے پہلی قسط ملنے کے باوجود مکانوں کی تعمیر شروع نہیں کی ہے۔ضلع دیہی ترقی نظام کی پروجیکٹ ڈائریکٹر اور پربھنی ضلع پریشد کی سی ای او رشمی کھانڈیکر نے متعلقہ گھرکُل اسکیم کے استفادہ کنندگان کو انتباہ دیا ہے کہ وہ آئندہ 31/جولائی تک تعمیری کام کا آغاز کردیں ورنہ دوسری صورت میں انہیں تقسیم کی گئی رقم حکومت کو واپس کرنی ہوگی۔ضلعے میں اِس اسکیم کے تحت 55/ہزار 963/مستحقین کو مکانات کی منظوری دی گئی ہے جس میں سے 50/ہزار 638/ استفادہ کنندگان کو سبسیڈی کی پہلی قسط جاری کردی گئی ہے۔

***** ***** *****

دھاراشیو ضلعے کے تلجا پور میں کل تعلقہ زرعی افسران نے بغیر لائسنس کے تیار کی گئی اے ڈی پی کھاد کا ذخیرہ ضبط کرلیا۔تقریباً 8/لاکھ روپئے مالیت کی 598/بوریاں اور گاڑیاں قبضے میں لے کر ڈرائیور ' گاڑی مالک اور کھاد بنانے والی کمپنی کے خلاف مقدمہ درج کرلیا گیا ہے۔

***** ***** *****

لاتور شہر میں غیر قانونی اشتہاری بورڈس اور ہورڈنگز کے خلاف کارروائی کی جارہی ہے۔ لاتور میونسپل کارپوریشن نے خبردار کیا ہے کہ بغیر اجازت ایسے بورڈ لگانے والوں کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے گی۔

***** ***** *****

سابق رکن پارلیمان سید امتیاز جلیل کی قیادت میں کل چھترپتی سنبھاجی نگر میں ایک مظاہرہ کیا گیا جس میں مطالبہ کیا گیا کہ کولہاپور ضلع کے وشال گڑھ علاقے میں واقع گجاپور میں مساجد ' درگاہوں اور مسلم بستیوں پر کیے گئے حملوں کے سلسلے میں سخت قانونی کارروائی کی جائے۔

اِسی دوران مجلس اتحاد المسلمین ایم آئی ایم کی جانب سے بیڑ شہر میں بھی احتجاجی مظاہرہ کیا گیا جس میں مظاہرین نے متعلقہ پولس افسران کو فوری طور پر معطل کرنے کا مطالبہ کیا۔

***** ***** *****

مراٹھواڑہ میں لاتور سمیت ہنگولی اضلاع میں آج زبردست بارش ہونے کا امکان ہے جبکہ باقی اضلاع میں ہلکی بارش ہوسکتی ہے۔ممبئی میں واقع محکمہ موسمیات کے مرکز نے 21/ اور 23/جولائی کے دوران خطے میں ہلکی سے درمیانی بارش ہونے کی پیشن گوئی کی ہے۔

***** ***** *****

خواتین کے T-20 /کرکٹ ایشیاء کپ کے مقابلوں میں بھارت نے اپنے پہلے لیگ میچ میں پاکستان کو 7/وکٹوں سے شکست دے دی۔ سری لنکا کے شہر دانبولا میں کھیلے گئے اِس میچ میں پاکستان نے پہلے بلّے بازی کرتے ہوئے بھارتی خواتین ٹیم کو 109 /رنوں کا ہدف دیا۔ بھارتی ٹیم نے میچ کے 15/ویں اوورمس ی 3/وکٹوں کے نقصان پر اِس ہدف کو حاصل کرلیا۔ بھارت کا آئندہ مقابلہ کل متحدہ عرب امارات سے ہوگا۔

***** ***** *****

کل بیڑ میں نوجوانوں کا عالمی ہنرمندی دن منایا گیا۔ اِس پروگرام کا انعقاد ہنرمندی کی ترقی اور انٹر پر ینرشپ کی وزارت ' جن شِکشا سنستھان اور مذکورہ وزارت کے رہنمائی مرکز کے اشتراک سے کیا گیا۔

***** ***** *****

آخر میں اہم خبروں کی سرخیاں ایک مرتبہ پھر سن لیجیے ...

☆ شیواجی مہاراج کے اوصاف میں مستقبل کی تشکیل کی طاقت ہے ' مہاراج کے شیر ناخن ہتھیار کی نقاب کشائی کے موقع پر وزیر اعلیٰ کا بیان

☆ آئندہ اسمبلی انتخابات میں مہا وِکاس آگھاڑی اور مہا یوتی اپنی جگہ قائم رہیں گے

☆ UPSC کے ذریعے متنازعہ زیر تربیت IAS افسر پوجا کھیڈکر کے خلاف مقدمہ درج

☆ مراٹھا ریزرویشن تحریک کے لیڈر منوج جرانگے پاٹل آج سے دوبارہ بھوک ہڑتال پر

اور

☆ T-20 رخواتین کرکٹ ایشیاء کپ میں پاکستان کے خلاف بھارت کا فاتحانہ آغاز

علاقائی خبریں ختم ہوئیں

آپ یہ خبرنامہ ہمارے یوٹیوب چینلAIR چھترپتی سنبھاجی نگر پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

☆☆☆